Sample Question Paper X class (Course - A)

## SUMMATIVE ASSESSMENT - II

اردو (کورس-A)

وقت: 3/گھنٹے | کل نمبر : 90

Time allowed: 3 Hours | Maximum Marks : 90

(حصہ - الف)

1۔ درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے دئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ 5

کسی ملک کی خوبی وعمدگی اور قدر و منزلت بہ نسبت وہاں کی حکومت کے عمدہ ہونے کے زیادہ تر اس ملک کی رعایا کے چال چلن، اخلاق و عادات، تہذیب و شائستگی پر منحصر ہے۔ کیونکہ قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہے اور ایک قوم کی تہذیب درحقیقت ان مرد عورت اور بچوں کی شخصی ترقی ہے جن سے وہ قوم بنی ہے۔ مستقل اور مضبوط آزادی، سچی عزت۔ اصلی ترقی چال چلن کے عمدہ ہونے پر منحصر ہے۔ اور وہی شخصی چال چلن قومی ترقی کا بڑا ضامن ہے۔ ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور خالص ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے اس شخص کا اس زمانہ میں آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور لوگوں کی زندگی میں آہستہ آہستہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ نسل کے لئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(i) کسی ملک کی رعایا کے چال چلن پر کیا پر منحصر ہے؟

(a) اخلاق وعادات

(b) تہذیب وشائستگی

(c) عمدہ حکومت

(d) قدر و منزلت

(ii) کسی قوم کی تہذیب حقیقت میں کیا ہے؟

(a) شخصی حالات

(b) تہذیب وشائستگی

(c) چال چلن

(d) شخصی ترقی

CAREERINDIA

(iii) ایمانداری کی نظیر کون دکھاتا ہے؟

(a) مسکین غریب آدمی

(b) مالدار آدمی

(c) ترقی کرنے والا آدمی

(d) محنتی، پرہیزگار آدمی

(iv) آئندہ زمانے میں کس کا بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے؟

(a) مسکین غریب آدمی

(b) مالدار آدمی

(c) ترقی کرنے والا آدمی

(d) محنتی، پرہیزگار آدمی

(v) لوگوں کی زندگی میں آہستہ آہستہ کیا پھیل جاتا ہے؟

(a) نسل

(b) عمدہ نظیر

(c) چال چلن

(d) بھلائی

2۔ درج ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ 5

یہ آرزو ہے کہ مہر و وفا سے کام رہے
وطن کے باغ میں اپنا ہی انتظام رہے
گلوں کی فکر میں گلچیں نہ صبح و شام رہے
نہ کوئی مرغ خوش الحاں اسیرِ دام رہے
سریرِ شاہ کا اقبال ہو بہارِ چمن
رہے چمن کا محافظ یہ تاجدارِ چمن

(i) کس کام کی آرزو کرنا چاہئے؟

(a) خواہشات کی تکمیل کی

(b) مہر و وفا کی

(c) تعلیم کی

(d) خوشی کی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(ii) اپنا انتظام کس مقام پر رہے؟

(a) گھر میں

(b) ملک میں

(c) دنیا میں

(d) وطن کے باغ میں

(iii) گلچیں کو صبح وشام کس کی فکر میں نہیں ہونا چاہئے؟

(a) پھلوں کی

(b) گلوں کی

(c) صبح وشام کی

(d) شام وسحر کی

(iv) اسیرِ دام کسے نہیں رہنا چاہئے؟

(a) مرغ خوش الحاں

(b) گلچین

(c) وطن

(d) آرزو

(v) چمن کا محافظ کسے رہنا چاہئے؟

(a) گلچیں

(b) مالی

(c) تاجدارِ چمن

(d) ہم وطن

3۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر (200 سے 250 الفاظ) مضمون لکھئے: 6

(i) ٹیلی ویژن کے فوائد اور نقصانات

(ii) کسی صنعتی نمائش کی سیر

(iii) لڑکیوں کی تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت

4۔ اپنے والد کے نام ایک خط لکھ کر اپنے اسکول کے کسی پروگرام کا ذکر کیجئے۔ 4

(یا)

پرنسپل صاحب سے اپنی فیس معاف کرانے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

5۔ فعل لازم اور فعل متعدی کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے۔ 4

6۔ (الف) کلام میں دو متضاد الفاظ لانا کیا کہلاتا ہے۔تعریف کرتے ہوئے مثال بھی لکھئے۔ 2

(ب) 'لازم نہیں کہ سب کو ملے ایک سا جواب آ ؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی'

اس شعر میں کون سی صنعت ہے بتایئے اور تعریف بھی لکھئے۔

7۔ (الف) 'تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار' 2

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت بتایئے اور اس کی تعریف بھی لکھئے۔

8۔ (الف) درج ذیل کہاوتوں سے صرف دو کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ 2

ابھی دلّی دور ہے  جیسی کرنی ویسی بھرنی  ناچ نہ جانے آنگن ٹیرھا

(ب) درج ذیل محاوروں سے کسی دو کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ 2

آنکھیں بھرنا  بغلیں جھانکنا  دل باغ باغ ہونا

(حصہ - ب)

9۔ درج ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھئے اور ان سے متعلق سوالوں کے دئے گئے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔
5+5=10

قدرت نے دنیا کی ہر چیز کو ضرورت کے اعتبار سے ایک دوسرے سے جوڑ دیا ہے۔ یہاں ہر ایک چیز دوسری چیز کو کسی نہ کسی طرح متاثر کرتی ہے۔اس آپسی تعلق کو سمجھنے اور سمجھانے کا نام ''ماحولیاتی سائنس'' ہے۔زمانہ قدیم میں انسان اس تعلق سے نہ صرف واقف تھا بلکہ اس کی زندگی ان قدرتی وسائل کے گرد گھومتی ہے۔وہ پانی کے ذخیروں کے پاس بستیاں قائم کرتا تھا تا کہ قدرتی پانی اسے حاصل ہوتا رہے۔جنگلات سے وہ لکڑی، چارہ اور غذا حاصل کرتا تھا۔زمین وسیع تھی اور آبادیاں کم تھیں۔

(i) دنیا کی ہر چیز کس لحاظ سے جوڑ دی گئی ہے؟

(a) تعلق

(b) محبت

(c) ضرورت

(d) نفرت

(ii) قدیم انسان کی زندگی کس کے گرد گھومتی تھی؟

(a) ماحولیاتی سائنس

(b) انسان

(c) قدرتی وسائل

(d) مصنوعی ذرائع

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) بستیاں کہاں قائم کی جاتی تھیں؟

(a) پانی کے ذخیروں کے پاس

(b) جنگلات کے نزدیک

(c) سرسبز وشاداب علاقوں کے پاس

(d) قدرتی پانی

(iv) یہ اقتباس کس مضمون سے لیا گیا ہے؟

(a) فضائی آلودگی

(b) ماحول بچائیے

(c) نیا قانون

(d) آزمائش

(v) ماحولیاتی سائنس سے مراد؟

(a) آپسی تعلق کو سمجھنے سمجھانے کا نام

(b) چیزوں کا متاثر کرنا

(c) قدرت

(d) زمانہ قدیم

www.careerindia.com

(ب)

گوشت کھانے کی تائید میں یہ ساری دلیلیں ایک ہی نشست میں پیش نہیں کی گئیں۔ یہ اس طول طویل استدلال کا خلاصہ ہے جس سے میرا دوست مجھ پر وقتاً فوقتاً اثر ڈالتا رہا۔ میرے منجھلے بھائی پہلے ہی مغلوب ہو چکے تھے۔ اس لئے وہ میرے دوست کی دلیلوں کی تائید کرتے تھے۔ میں واقعی اپنے بھائی اور اس کے دوست کے مقابلے میں بالکل مریل معلوم ہوتا تھا۔ وہ مجھ سے زیادہ قوی اور جفاکش بھی تھے اور جری بھی۔ اس دوست کے کارناموں نے مجھ پر جادو سا کر دیا۔ وہ بہت دور تک اور بڑی تیزی سے دوڑ سکتا تھا۔ کود پھاند میں مشاق اور سخت سے سخت جسمانی سزا برداشت کر لیتا تھا۔ وہ مجھے اکثر اپنے کارنامے کھایا کرتا تھا اور یہ قاعدے کی بات ہے کہ انسان دوسروں کی وہ صفتیں دیکھ کر جو اس میں نہ ہوں، دنگ رہ جاتا ہے۔ اس کے بعد میرے دل میں ولولہ اٹھا کہ اس کے جیسا بنوں۔ میں نہ کود سکتا تھا، نہ دوڑ سکتا تھا۔ میں نے سوچا کہ میں بھی اس کی طرح مضبوط کیوں نہ ہو جاؤں؟

CAREERINDIA

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا؟
(a) ماحول بچائیے
(b) نیا قانون
(c) چوری اور اس کا کفارہ
(d) آزمائش

(ii) اس اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(a) سید عابد حسین
(b) حیات اللہ انصاری
(c) سعادت حسن منٹو
(d) اسلم پرویز

(iii) مصنف اپنے دوست کے بارے میں کیا محسوس کرتا ہے؟
(a) قوی
(b) جفاکش
(c) مریل
(d) جری

(iv) انسان کب دنگ رہ جاتا ہے؟
(a) دوسروں کی صفتیں دیکھ کر
(b) خود کو طاقت ور سمجھ کر
(c) کارنامے دیکھ کر
(d) جسمانی سزا سے

(v) مصنف نے کیا سوچا؟
(a) کمزور رہوں
(b) مضبوط ہو جاؤں
(c) دوڑوں
(d) کارنامے دکھاؤں

10۔ 'اشتہارات ضرورت نہیں کے' کی روشنی میں ابنِ انشاء کے تحریر کی خصوصیات کو اپنے الفاظ میں لکھئے؟ 5

(یا)

حیات اللہ انصاری کے افسانہ 'بھیک' کا خلاصہ لکھئے؟

11۔ درج ذیل سے کسی دو کے مختصر جواب لکھئے۔ 2+2=4

(i) رام سہائے اور اس کی بیوی بھاگ وتی کے خیالات میں کیا فرق ہے؟

(ii) نوکر آقا کے علاج کے لئے حکیم صاحب کے ساتھ اور کن لوگوں کو لایا؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) مہاتما گاندھی نے اپنی غلطیوں کے کفارے کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا؟

(iv) ماحول کی حفاظت صرف سائنسدانوں کا کام ہے یا شہریوں کا، مختصر ب لکھئے؟

12۔ درج ذیل شعری اقتباسات سے متعلق سوالوں کے دئے گئے جوابوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔ 4+4=8

(الف)

آلام روزگار کو آساں بنادیا
جو غم ہوا، اسے غمِ جاناں بنادیا
میں کامیابِ دید بھی محرومِ دید
جلووٗں کے ازدحام نے حیراں بنادیا
یوں مسکرائے ، جان سی کلیوں میں پڑ گئی
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنادیا

(i) یہ شعری اقتباس ہے
(a) رباعی کا
(b) مرثیہ کا
(c) غزل کا
(d) نظم کا

(ii) ان اشعار کے شاعر کا نام ہے
(a) فانی بدایونی
(b) اصغر گونڈوی
(c) چکبست لکھنوی
(d) یاس یگانہ چنگیزی

(iii) غم کو شاعر نے بدل دیا
(a) غمِ دوراں سے
(b) غمِ ہجراں سے
(c) غمِ جاناں سے
(d) غمِ عشق سے

(iv) 'لب کشا' کے معنی ہیں
(a) لبوں کا بند ہو جانا
(b) منھ کھلا ہوا
(c) لب کا کشادہ ہونا
(d) ہونٹوں کا لال ہونا

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(v) شاعرکوحیران بنادیا
(a) جلووں کےازدحام نے
(b) غمِ جاناں نے
(c) محرومِ دیدنے
(d) کامیابِ دیدنے

(ب)

خداسے حسن نے اک روز یہ سوال کیا
جہاں میں کیوں نہ مجھے لازوال کیا
ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا
شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا
ہوئی ہے جو رنگِ تغیر سے نمود اس کی
وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی

(i) خداسے کس نےسوال کیا؟
(a) جہاں نے
(b) حسن نے
(c) لازوال نے
(d) علامہ اقبال نے

(ii) خدانے کیاجواب دیا؟
(a) تصویرخانہ ہےدنیا
(b) افسانہ ہےدنیا
(c) حسن ہےدنیا
(d) لازوال ہےدنیا

(iii) دنیا کی نمود کس سےہوئی ہے؟
(a) تغیرسے
(b) رنگِ تغیرسے
(c) تبدیلی سے
(d) حسن کےزوال سے

(iv) شبِ دراز کےمعنی ہیں؟
(a) طویل شبنم
(b) لمبی رات
(c) درزی صاحب
(d) تبدیلی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(v) یہ اشعار کس نظم سے لئے گئے ہیں؟

(a) خدا سے بات چیت

(b) حسن کی شکایت

(c) حقیقتِ حسن

(d) حقیقتِ دنیا

13۔ علامہ اقبالؔ کی نظم 'حقیقتِ حسن' کا خلاصہ لکھئے . 5

14۔ پردیس میں وطن سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہوکر کیا کیا پوچھتا ہے؟ 4

(یا)

شادؔ عظیم آبادی کی شاعری کی خصوصیات لکھئے؟

15۔ درج ذیل سوالوں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ 4

(i) فراقؔ گورکھپوری کی رباعی گوئی کی خوبیاں بیان کیجئے؟

(ii) شاعر نے دل کو 'نرالی بستی' کیوں کہا ہے؟

(iii) 'بستی بسنا کھیل نہیں ہے، بستے بستے بستی ہے' اس مصرعہ کا مطلب لکھئے؟

(iv) 'جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے' سے میرؔ کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟

(حصہ-ج)

16۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف ایک کا جواب لکھئے۔ 4

(i) کلام حیدری کے افسانے ''سخی'' کا خلاصہ لکھئے؟

(ii) ہر شام مایوس لوٹنے کے بعد بھی 'من کا طوطا' ہر صبح گھر سے کیوں نکل جاتا تھا؟

(iii) ہٹے کٹے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہوئی؟

(iv) احمد ندیم قاسمی کے افسانہ 'سلطان' کا خلاصہ لکھئے؟

17۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ 4

(i) مصنف نے گلی ڈنڈوں کو کھیلوں کا راجہ کس بنیاد پر کہا ہے؟

(ii) چنتو ان دیوتا سے ناراض کیوں رہتا تھا؟

(iii) سلطان نے بابو جی سے اپنے سر کے اوپر ہاتھ رکھ کر تھوڑی دور چلنے کی درخواست کیوں کی؟

(iv) مولا بخش کے کردار پر روشنی ڈالئے؟



www.careerindia.com

18۔ غزل کی تعریف لکھیے اور دو غزل گو شعراء کے نام لکھیے۔ 5

(یا)

ڈراما کی تعریف لکھیے اور دو ڈرامہ نگاروں کے نام لکھیے۔

19۔ اردو زبان کی تاریخ کے بارے میں مختصر لکھیے۔ 5

(یا)

اردو شاعری کے آغاز پر مختصر نوٹ لکھیے۔

............☆☆☆............

www.careerindia.com